جلد ۴۰ — نمبر ۴۳

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ر جمادی الاول ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۲ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ باہمی نائب علاقہ دار و سب انسپکٹر آبکاری	۱
۲	مستقلی ماسٹر مشہود حسین انگلش ٹیچر	"
۳	اضافہ افسر تعلیمات محکمہ ...	۲
۴	رخصت احمد علی	"
۵	توسیع مدت ملازمت مدرس ...	"
۶	تقرر ... مدرس	"
۷	منظوری استعفا مدرس ...	"
۸	تقرر محی الدین مدرس ...	"
۹	معطلی مدرسان ... سیف الدین خان و ولی بخش	۳
۱۰	تقرر بعوض اصغر حسین مدرس ... سیف الدین خان	"
۱۱	بابت تشخیص ... طلباء ...	"
۱۲	رخصت نائب محرر ...	"
۱۳	رخصت ...	"
۱۴	نقشہ جات وجہات وارش ... اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۳ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت در بارہ تبادلہ باہمی سید غلام حیدر نائب علاقہ دار و صاحبزادہ سید عبد الغنی خان بہادر سب انسپکٹر آبکاری بہ تنخواہ خود ہا بربنا رپورٹ صاحب ایکسائز کمشنر بہادر۔

حکم

بموجب رپورٹ سید غلام حیدر نائب علاقہ دار و صاحبزادہ سید عبد الغنی خان بہادر سب انسپکٹر آبکاری کا باہمی تبادلہ بہ تنخواہ ہائے ذاتی منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔ یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء سے تبادلہ کا عملدرآمد کیا جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۹ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ مستقل ملازمت ماسٹر مشہود حسین انگلش ٹیچر مدرسہ عالیہ تنخواہ دار تیس روپیہ ماہوار

حکم

بموجب رپورٹ ماسٹر مشہود حسین انگلش ٹیچر مدرسہ عالیہ کا مستقل کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - ۱۱؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۳؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

منشی حسن رضا خان اسپیشل مجسٹریٹ عرف جھنڈا خان کی مراعات ابدولت و اقبال کو مدنظر ہے - لہذا اُنکے اعزا کو حسب ذیل اضافہ دیا جاتا ہے -

۱ - افسر علیخان سب انسپکٹر کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے -
۲ - محمود علیخان ملازم محکمہ بندوبست کی موجودہ تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے -

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۰؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

امیر احمد خان اسسٹنٹ انجینئر بجلی گھر کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا اور پانچ روپیہ ماہانہ الاونس بائیسکل مقرر کیا جاتا ہے -
۲ - صدیق علی خان اسسٹنٹ انجینئر برقی برخاست شدہ کی آسامی تخفیف کیجائے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ امجد علیخان اہلمد محکمہ متعینہ صدر مشاہرہ دار سترہ روپیہ ماہوار بوجہ علالت از یکم اکتوبر لغایت آخر اکتوبر ۱۹۲۸ء بعوض رام چرن لال ساکن رامپور - دس روپیہ عوض کو دیے جائین - اور سات روپیہ اصل کو -

حکم

حسب رپورٹ رخصت یکماہ اہلمد محکمہ بعوض رام چرن لال منظور ہے - عوض کو یوم کار کردگی سے تنخواہ دیجائے - احکام ضابطہ جاری ہون -
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۱؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - مسمے سینا مدرس قرآن شریف مدرسہ کیمری کی ملازمت غیر مستقل مین ۱۶؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۱؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے بھوگن لال ہندی مڈل پاس کا تقرر مدرسہ مڈل مین بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ ۱۵؍ ستمبر ۱۹۲۸ء سے کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۱۵؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب درخواست عبد اللطیف مدرس مدرسہ ہنوپور تحصیل ٹانڈہ کا استعفا [illegible]؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۹؍ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ پرسوپور تحصیل ٹانڈہ مین مسمے الہ دیا چہارم پاس کا تقرر بمشاہرہ [illegible] ماہوار امتحاناً یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک کے لئے منظور کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

۱۴ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

سید امتیاز حسین مدرس دوم مدرسہ گنج سیف الدین خان و سید اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ پل پختہ ایک مقدمہ فوجداری میں ماخوذ ہیں - یہ دونوں مدرس ۹ر و ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء کو غیر حاضر رہے ہیں - لہذا ۹ر و ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء کی غیر حاضری ہر دو مدرسین مذکور کی وضع کیجائے -

اشتیاق حسین نے ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے ایک ماہ کی رخصت کی درخواست پیش کی تھی - چونکہ ہر دو مدرسین مذکور مقدمہ فوجداری میں ماخوذ ہیں تا تصفیہ مقدمہ قابل معطلی ہیں - لہذا اشتیاق حسین ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے معطل کیا گیا - اور حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد امین منشی عالم پاس بجائے اشتیاق حسین مذکور بشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار عوض مقرر کیا گیا - محمد امین کو تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی - اور امتیاز حسین مذکور ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے معطل کیا گیا - اسکی جگہ کے لئے انسپکٹر صاحب مدارس عوض کو نامزد کرکے رپورٹ کریں - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

امتیاز حسین مدرس دوم مدرسہ گنج سیف الدین خان چونکہ معطل کیا گیا ہے - لہذا بجائے اُنکے سید جعفر حسین منشی عالم پنجاب و منشی الہ آباد پاس کو عـــہ ماہوار تنخواہ پر عوض مقرر کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۸ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

صیغہ وقف سے مبلغ عـــہ روپیہ ماہوار افغانی طلبا کے وظائف کے لئے مخصوص ہیں طلبا میں اکثر یہ نزاع ہوتا ہے کہ کوئی خاص طالب علم افغانی ہے یا نہیں - علاوہ ازیں وقف چونکہ افغانی طلبا کے لئے ہے - اگر غیر افغانی طلبا کو وظیفہ دیا جائے تو اغراض وقف کے بھی خلاف ہوگا - چند افغانی طلبا نے درخواست پیش کی ہے کہ اس ملک کی تجدید کردیجائے جسکے باشندے افغانی سمجھے جائیں اور پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ نے بھی اس سے اتفاق کیا ہے - اگرچہ جس ملک کے باشندے افغانی کہلاتے ہیں وہ مشہور و معلوم ہے لیکن مسئلہ مذکورہ صدر دشواریوں کو رفع کرنے کے خیال سے بذریعہ حکم اسکا اعلان کردینا مناسب ہے کہ صوبہ سرحدی اور افغانستان کے باشندے (جو درحقیقت افغانی ہیں) ان وظائف کے لئے افغانی سمجھے جائینگے - صوبہ سرحدی کے ایک طرف پنجاب ہے اور دوسری طرف بلوچستان وہاں کے باشندے ان وظائف کے مستحق نہ ہونگے - لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ ناظر کنز و لر صاحب دربارہ منظوری رخصت رعایتی ۱۵ یوم منشی حبیب الرحمن خان نائب منصرم توشہ خانہ من ابتداء ۹ر اکتوبر ۱۹۲۸ء بغرض علاج -

حکم

رخصت منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

رخصت

۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ایگزیکیٹو انجنیر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ منشی ہولچند محرر بورڈنگ تعمیرات من ابتداء ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء بوضع تنخواہ بغرض ضرورت نجی - شخص مذکور کی گنجائش درپیش ہے رفت و بحالی اُنکا عوض مقرر کرنیکی رپورٹ کیجائیگی -

حکم

حسب رپورٹ صاحب ایگزیکیٹو انجنیر منشی ہولچند بورڈنگ کلرک صیغہ تعمیرات کی رخصت دو ماہ بوضع کل تنخواہ منظور ہوئی - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو - اس رخصت کا نفاذ ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے ہوگا -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	ایک سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر حادثات	طاعون	میزان از دفعہ نمبر ۱۹ تا دفعہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۱	۱۲	۱۱	۶	۷۱	۳۳	۱۹	۶	۵	۴	۰	۱۶	۱۳	۲۶	۱۸	۳۴	۱۰	۰	۱	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۴	
گنج	۳۲	۱۰	۱۴	۴	۴۴	۳۵	۵	۱۶	۱۴	۲	۰	۸	۱۱	۲۶	۲۵	۴۶	۵	۰	۱	۲۵	۲۵	۰	۰	۰	۵۱	
حوالی شہر	۱۰	۱۹	۱۰	۵	۴۴	۲۰	۲۴	۳	۳	۰	۰	۵	۳	۸	۲	۶	۶	۰	۰	۱۳	۰	۱	۰	۰	۱۴	
علیم نگر	۲۱	۲۰	۲۳	۱۰	۴۵	۴۵	۳۰	۵	۲	۰	۰	۵	۹	۱۰	۱۱	۹	۱۲	۰	۰	۱۶	۳	۰	۰	۰	۲۱	
شاہ آباد	۱۳	۲۹	۲۳	۴۲	۱۱۲	۳۶	۴۵	۱۳	۱۳	۱	۱	۱۴	۱۱	۲۵	۲۵	۱۱	۴۶	۰	۰	۰	۵۳	۰	۰	۰	۵۳	
پچوائی	۱۲	۲۱	۶	۴۲	۱۳۵	۲۲	۱۰۳	۳	۳	۰	۱	۵	۱۱	۸	۱۵	۵	۱۸	۰	۰	۰	۲۲	۱	۰	۰	۲۳	
ملک	۲۳	۱۰۶	۱۴	۴۹	۲۲۲	۴	۱۸۶	۲۵	۱۰	۰	۰	۱۵	۲۲	۴۰	۳۲	۸	۲۴	۰	۰	۰	۲۸	۴	۰	۰	۴۲	
بلاسپور	۱۸	۱۹	۲۵	۲۳	۸۶	۴۳	۴۳	۹	۵	۱	۲	۱۴	۱۱	۲۳	۱۸	۲۱	۲۱	۰	۰	۴۱	۰	۱	۰	۰	۴۲	
کیمری	۱۸	۴۹	۱۶	۲۱	۱۰۵	۳۵	۴۰	۵	۲	۰	۰	۶	۵	۱۲	۶	۴	۱۵	۰	۰	۰	۱۹	۰	۰	۰	۱۹	
سوار	۲۳	۱۰	۱۶	۴	۵۳	۴۰	۱۴	۳	۵	۱	۲	۵	۵	۹	۱۲	۱۶	۴	۰	۰	۰	۲۱	۰	۰	۰	۲۱	
ٹانڈہ	۲۵	۳۵	۱۸	۱۳	۶۸	۴۰	۳۸	۶	۱۳	۰	ـ	۲۲	۱۱	۱۹	۲۵	۲۵	۱۹	۰	۰	۰	۴۴	۰	۰	۰	۴۴	ـ
میزان	۳۲۱	۳۵۲	۱۵۴	۱۵۵۸	۱۰۱۰	۳۰۸	۲۰۴	۵۹	۵۶	۵	۷	۱۰۲	۱۱۸	۱۱۶	۱۴۸	۱۵۲	۲۱۶	۰	۴	۴۶	۲۹۸	۲	۰	۰	۳۰۸	

مطبوعہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء جلد ۴

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور - ہفتہ دوئم ماہ اکتوبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱/۰ و ۱۱/۱۲ و ۱۰		۱۱/۰ و ۱۰	۱۵/۰ - ۱۰/۰			تحصیل شاہ آباد و سوار و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۵/۰		۱۵/۰	۱۶/۰			
نخود گندم آمیز	۱۶/۰		۱۰/۷	۱۰/۷			
جو	۱۷/۰		۱۷/۰	۱۷/۰			
ماش	۱۰/۴		۱۵/۰	۱۵/۰			
مونگ	۱۲/۰		۰	۰			
مکا	۱۵/۸ و ۱۵/۱۰ و ۱۶/۸ و ۱۶/۱۰		۱۶/۰	۱۶/۰			
جئی	۱۵/۰		۰	۰			
گوجئی	۱۵/۰ و ۱۰/۰ و ۱۰		۰	۰			
مسور	۱۵/۰ و ۱۵/۰		۰	۱۴/۰			
ارہر	۱۲/۰ و ۱۲/۰		۰	۰			
برنج	۱۳/۰ و ۱۳/۰		۱۴/۰	۱۳/۰ و ۱۲/۰			
روغن زرد	۵ چھٹانک		۹ چھٹانک	۵ چھٹانک			
روغن سیاہ	۱/۱۰		۱۵/۰ و ۱۰	۱/۱			
روغن کنجد	۱۲/۰			۰			
نمک سانبھر	۹/۰		۱۲/۰	۱۱/۰			
نمک لاہوری	۹/۰		۹/۰	۰			
قند سیاہ	۳/۰		۳/۰	۳/۰			
باجرہ	۷/۰		۰	۰			

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدا ۵ لغایت ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۸ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ تعداد خط	صدر عالیہ افزون	تحصیل رامپور تعداد خط	تحصیل رامپور افزون	تحصیل سوار تعداد خط	تحصیل سوار افزون	تحصیل شاہ آباد تعداد خط	تحصیل شاہ آباد افزون	تحصیل ملک تعداد خط	تحصیل ملک افزون	تحصیل ٹانڈہ تعداد خط	تحصیل ٹانڈہ افزون
۵ اکتوبر ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۲۵۳	۰	۳۳۳	۰	۲۸۸	اندراج نہیں	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۶ " " " شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۸۰	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۷ " " " یکشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۸۸	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۳۸
۸ " " " دوشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۲	۰	۲۸۸	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۹ " " " سہ شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۲	اندراج نہیں	۰	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۱۰ " " " چہارشنبہ	۰	۲۵۳	۰	۳۲۲	//	۰	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۱۱ " " " پنجشنبہ	۰	۲۵۳	۰	۳۳۳	//	۰	//	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
							//	۰	۰	۲۳۱	اندراج نہیں	